جامعہ ملیہ اسلامیہ

January 25 2024

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبا کا لال قعلہ میں سبھاش چندر بوس کی سالگرہ کے موقع پر پراکرم دیوس ورکشاپ میں شان دار مظاہرہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فائن آرٹ کے طلبا نے چوبیس جنوری دو ہزار چوبیس کو دہلی کے لال قلعہ میں منعقدہ پراکرم دیوس ورکشاپ میں شان دار فنی مظاہرہ کیا۔اس پروگرام کا انعقاد عظیم رہنما قوم سبھاش چندر بوس کی بیش قیمت وراثت کا جشن منانے کے لیے ان کی سال گرہ کے موقع پر کیا گیا تھا جس میں نو جوان طلبا اور پر جوش لوگ ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوئے تھے۔

طلبا نے ورکشاپ میں جوش وخروش سے حصہ لیتے ہوئے نیتا جی کے لیے بنائے گئے اشتہارات اور پینٹنگ سے اپنی تخلیقیت کا ثبوت فراہم کیا۔ جامعہ کے طلبا نے جو فنی نمونہ پیش کیا، منتظمین کے ساتھ ساتھ موقع پر موجود عوام نے بھی اس کی ستائش کی اور ان کے کاموں کو بہت توجہ سے دیکھا گیا۔

طلبا کے فنی نمونوں سے لوگوں کی دلچسپی سے مترشح تھا کہ ناظرین نے ان کے کاموں کو پسند کیا اور اشتہار سازی اور پینٹنگ میں ان کی فن کارانہ مہارت کو تسلیم کیا۔اس پروگرام سے نہ صرف طلبا کو اپنے جوہر کی نمائش کا موقع میسر آیا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ پراکرم دیوس کی تقریب میں بامعنی طور پر ان کی شمولیت بھی رہی۔

طلبا کا یہ شان دار مظاہرہ رائیگاں نہیں گیا اور یہ ہوا کہ انھیں مستقبل میں ہونے والے ایک پروگرام میں شرکت کی دعوت مل گئی۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبا کی محنت، کاوش اور صلاحیت کا ایک بین ثبوت ہے۔

پروفیسر بندو لکا شرما، ڈین، فیکلٹی آف فائن آرٹس کی سر پرستی اور رہنمائی میں نو طلبا نے اس پروگرام میں حصہ لیا۔ان نو طلبا کے اسمائے گرامی ہیں: اسرا، مدھو یادو، شوبیہ، آفتاب شیخ ہاشمی، انن تارا راج، نورین فاطمہ، محمد عاطف، ترپتی رائے اور عبدالقادر۔

پروگرام سے حاصل شدہ تجربے پر روشنی ڈالتے ہوئے ایک طالب علم نے کہا کہ ''اس ورکشاپ کا حصہ ہونا بڑی عزت افزائی کی بات ہے۔نیتا جی سبھاش چندر بوس کی سال گرہ کے اعزاز میں آرٹ تیار کرنے کا موقع ملنا تحریک زا رہے اور عوام سے جو مثبت تاثرات ملے وہ اور بھی حوصلہ افزا ہے۔'

جامعہ ملیہ اسلامیہ مستقبل میں بھی ایسے اہم پروگراموں میں اشتراک کے لیے پُر امید ہے جس میں یہاں کے طلبا ملکی سطح پر اپنی تخلیقی جوہر کی نمائش کا موقع ملے گا وہ اس کی نمائش کرتے رہیں گے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی